09جولائی2024ء

جون2024ءکارکنوں کی ترسیلات زر کی پریس ریلیز

1۔جون2024 ءمیں کارکنوں کی ترسیلات زر میں 3.2 ارب ڈالر کی آمد درج کی گئی۔

2۔نمو کے لحاظ سے جون 2024ء کے دوران ترسیلات زر میں سال بسال بنیادوں پر 44.4 فیصد اضافہ درج کیا گیا۔

3۔مالی سال24ء کے دوران مجموعی طور پر کارکنوں کی ترسیلات زر کی مد میں 30.3 ارب ڈالر رقوم کی آمد ہوئی اور ان میں 10.7 فیصد اضافہ درج کیا گیا، جبکہ مالی سال23ء میں 27.3 ارب ڈالر رقوم کی آمد ہوئی تھی۔

4۔جون2024ء میں ترسیلات زر کی مد میں رقوم کی آمد کے اہم ذرائع میں سعودی عرب(808.6 ملین ڈالر)، متحدہ عرب امارات(654.3 ملین ڈالر)، برطانیہ (487.4 ملین ڈالر)اور امریکہ (322.1 ملین ڈالر)شامل ہیں۔

****